**Series OSR/1/C**

کوڈ نمبر

Code No. **264/1/1**

رول نمبر
Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- براۓ مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوۓ صفحات **16** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- براۓ مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں 25 سوال ہیں۔
- **براۓ مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جاۓ گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **16** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

## (Urdu Version)

مقرّرہ وقت : 3 ، گھنٹہ | کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

**عام ہدایات :**

(i) اِس سوالیہ پرچہ کو تین حِصّوں - A، B اور C میں بانٹا گیا ہے۔

(ii) حِصّہ A کے سوالوں کے جواب لکھنا سبھی طلبا کے لئے لازمی ہے۔

(iii) حِصّہ B اور حِصّہ C میں سے طالب علم فقط کسی ایک حِصّہ کے سوالوں کے جواب حسب منشا لکھ سکتے ہیں۔

(iv) جواب لکھتے وقت کسی سوال کے سبھی حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ ایک ہی جگہ پر لکھیئے۔

## حصّہ - A

(مشترکہ فرموں اور کمپنیوں کے لیئے اکاونٹینسی)

1۔ سانجھے داری کا قانون سانجھی داروں کو دینے کی تنخواہ کے بارے میں کچھ نہیں کہتا۔ امیتا جو ایک سانجھی دار ہے اُس نے اپنا حق جتایا کہ کیونکہ وہ کاروبار کا بندوبست کرتی ہے اُسے 15 ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ کی شکل میں ملنا چاہیئے۔ کیا اُس کو تنخواہ ملنی چاہیئے ؟ جواب کی وجہ بیان کیجئے۔ 1

2۔ ایک نئے سانجھی دار کی نیک نامی کے لیئے زائد ادائیگی کن حالات میں حساب کی کتابوں میں درج نہیں کی جائیگی۔ 1

3۔ اُس سرمایہ کا نام لکھیں جسے فرم کو بند کرنے کے وقت وصولی کھاتہ کے دَین داری رُخ میں نہیں ڈالا جاتا لیکن کچھ نقد رقم کی اِس سے حصولیت ہو سکتی ہے۔ اگر فرم بند کرتے وقت اُسے بیچا جاتا ہے۔ 1

---

4۔ شیئروں کی پرائیویٹ بکری سے کیا سمجھا جاتا ہے ؟ 1

5۔ P، Q اور R ایک فرم میں حصّہ دار ہیں جہاں اُن کے نفعات میں حصّے بالترتیب 5، 4 اور 3 کی نسبت میں ہیں۔ اُن کے اصل بالترتیب 50,000 روپیہ، 40,000 روپیہ اور 30,000 روپیہ ہیں۔ Q کے فرم سے علیحدہ ہونے پر فرم کی 6,00,000 روپیہ کی ساکھ کو باقی کے سانجھی داروں کے اصل کھاتوں میں کس نسبت میں تقسیم کیا جائیگا، لکھیئے۔ 1

---

6۔ کمپنی قانون 1956 کے جدول A کے مطابق مانگ سے پہلے حاصل رقم پر کمپنی کس در پر سود کا بھگتان کرتی ہے۔ ؟ 1

7۔ ڈی بینچر کے کیا معنی ہوتے ہیں ؟ 1

8۔ پچھلے چند سالوں میں ایک کاروبار نے 6,00,000 روپیہ کا اوسط نفع کمایا۔ ایسے کاروبار کی نفع کی عمومی در 10 فی صدی ہوتی ہے۔ فرم کے اثاثوں اور دینداریوں کی کل قدریں بالترتیب 22,00,000 روپیہ اور 5,60,000 روپیہ ہیں۔ سوپر نفع طریقہ سے فرم کی ساکھ محسوب کیجئے اگر ساکھ کی قدر کو $2\frac{1}{2}$ سالوں کی خرید کے برابر مانا جاتا ہے۔ 3

9۔ سرگم لمیٹڈ نے 10 روپیہ فی کے 1,00,000 ، 6 فی صدی کے ڈی بینچروں کو 2 روپیہ فی ڈی بینچر کے پریمیئم پر ایک اپریل 2012 کو جاری کیا۔ اجراء مکمل طور پر جاری ہوا۔ سود ہر مالی سال کے آخیر میں دیا جائیگا۔ سال 2012-13 کے آخیر میں جرنل کے اندراج حاصل کیجئے۔ 3

10۔ مہارانا لمیٹڈ کا خاص کام ٹائر بنانا ہے۔ یہ کمپنی کمپنیز ایکٹ اور SEBI کی رہبری کا خاص طور پر خیال رکھتی ہے۔ یکم اپریل 2010 کو کمپنی نے 100 روپیہ فی پر 8 فی صدی کے 18,00,000 ڈی بینچر جاری کئے۔ ڈی بینچروں کی ادائیگی 5% کے زائد پر ہونی تھی۔ 31 مارچ 2013 کو سبھی ڈی بینچروں کی ادائیگی کر دی گئی۔ کیونکہ ٹائر بنانے سے ہوا گندی ہو جاتی ہے کمپنی نے اِس کے کام کاری کنٹرول کے لئے ایک پلانٹ لگایا تھا۔

ڈی بینچروں کی ادائیگی کے لئے جرنل کے لازمی اندراج پاس کیجئے۔ اور اُس قیمت کی پہچان کیجئے، جو مہارانا کمپنی نے ظاہر کیا۔ یہ مان لیا گیا ہے کہ کمپنی کے ڈی بینچر ادائیگی فنڈ میں کافی رزرو کھاتہ باقی ہے۔ 3

11۔ رمن، رتن اور راجن آپس میں شریک تھے اور نفعات میں بالترتیب 4، 2 اور 1 کی نسبت میں حصے رکھتے تھے۔ 31 مارچ 2013 کو اُن کا توازن نامہ حسبِ ذیل تھا:۔

31 مارچ 2013 کو توازن نامہ

| دین داریاں | رقم (روپیہ) | اثاثے | رقم (روپیہ) |
|---|---|---|---|
| اصل: | | نقد | 14,000 |
| رمن | 60,000 | اسٹاک | 30,000 |
| رتن | 40,000 | دین دار | 22,000 |
| راجن | 30,000 | عمارات | 40,000 |
| لین دار | 30,000 | پلانٹ | 53,000 |
| ادا ہونے والے بل | 4,000 | موٹر گاڑی | 26,000 |
| عام رزرو | 21,000 | | |
| | 1,85,000 | | 1,85,000 |

مذکورہ تاریخ کو رمن علیحدہ ہو جاتا ہے اور مندرجہ ذیل باتیں مان لی جاتی ہیں۔

(i) اثاثوں اور دین داریوں کی قدریں حسب ذیل تھی
اسٹاک 24,000 روپیہ، دین دار 21,000 روپیہ
عمارات 45,200 روپیہ، پلانٹ 50,000 روپیہ
اور لین دار 28,000 روپیہ

(ii) رمن کو دی جانے والی رقم رمن کے اُدھار فنڈ میں ڈال دی جائیگی۔

تیار کیجئے: بازقدری کھاتہ اور رمن کا اصل کھاتہ۔ 4

12۔ A لمیٹڈ نے B لمیٹڈ سے ایک چالو کاروبار 1,50,000 روپیہ میں خریدا۔ اِس رقم کے بھگتان کے لیئے 10 روپیہ فی کے 10,000 ایکوئی شیئر فی شیئر 2 روپیہ کے زائد پر جاری کیا جانا تھا اور باقی کی رقم نقد میں دی جانی تھی۔ اثاثے اور دین داریاں مندرجہ ذیل ڈھنگ سے لی گئیں :

پلانٹ 40,000 روپیہ میں ، مکان 40,000 روپیہ میں

دین دار 30,000 روپیہ میں ، اسٹاک 50,000 روپیہ میں

فرنیچر 20,000 روپیہ میں اور لین دار 20,000 روپیہ میں

آپ کو مذکورہ لین دین کے لیئے A لمیٹڈ کی کتابوں میں لازم اندراج پاس کرنے ہیں۔ 4

13۔ (a) روہن اور موہن ایک فرم میں حصّہ دار ہیں۔ اُن کے نفعات میں حصّے بالترتیب 5 اور 3 کی نسبت میں ہیں۔ وہ بھیم کو نفعات میں $\frac{1}{7}$ حصّہ کے لیئے حصّہ دار بنا لیتے ہیں۔ نفعات کی تقسیم کی نئی قدر 4، 2، 1 کی نسبت میں ہو گی۔ روہن اور موہن کی نسبت باقرباتی محسوب کیجئے۔

---

(b) عاملہ اور کملا ایک فرم میں شریک ہیں۔ وہ نفعات میں 4 اور 1 کی نسبت میں حصّے رکھتے ہیں۔ نفعات میں $\frac{1}{4}$ حصّہ کے لیئے وہ بملا کو فرم کا نیا شریک بناتے ہیں جو وہ مکمل طور پر عاملہ سے حاصل کرتی ہے۔ شریکوں کی نفعات بانٹنے کی نئی نسبت محسوب کیجئے۔ 4=2+2

14. A لمیٹڈ کی رجسٹری 10,00,000 روپیہ کے زرِ اقتدار اصل کے ساتھ ہوئی جسے 10 روپیہ فی کے ایکوئٹی حصّوں میں بانٹ کر کیا گیا۔ کمپنی نے 50,000 شیئروں کو جاری کرنے کے لئے عرضیاں مانگی، 48,000 شیئروں کے لئے عرضیاں حاصل ہوئیں۔ سبھی عرضیوں پر مانگیں جاری کی گئیں اور بادستور حاصل ہوگئیں سوائے 1,000 شیئروں پر آخری مانگ کے 2 روپیہ فی شیئر کے۔ یہ سبھی شیئر ضبط کر لئے گئے۔ اور بعد میں پوری ادائیگی مانتے ہوئے 9,000 روپیہ پر دوبارہ جاری کر دیئے گئے۔

(i) کمپنیز 1956 کے شیڈیول VI کے مطابق I لمیٹڈ کے توازن نامہ میں شیئر اصل کو کیسے دِکھایا جائے گا؟

(ii) اِس کے لئے کھاتوں کے لئے نوٹ بھی تیار کیجئے۔ 4

15. A، B اور C ایک فرم میں شریک ہیں۔ 1 اپریل 2012 کو اُن کے اصل بالترتیب 5,00,000 روپیہ، 2,50,000 روپیہ اور 2,50,000 روپیہ تھے۔ شراکت نامہ کی شرائط کے مطابق

(i) C کو 5,000 روپیہ ماہوار کی تنخواہ ملنی تھی

(ii) A کو 80,000 روپیہ فی سال کی کمیشن ملنی تھی۔

(iii) شریکوں کو اُن کے اصلوں پر 6% کی درسے سالانہ سُود ملنا تھا، اور

(iv) شریک نفعات میں اپنے اصلوں کی نسبت میں حصّے رکھیں گے۔

31-3-2013 کو ختم ہونے والے سال کا کمپنی کا خالص نفع 3,00,000 روپیہ تھا جسے مذکورہ شرائط کا خیال کیے بنا شریکوں میں برابر برابر بانٹ دیا گیا۔ اپنے عمل کو صاف صاف دِکھاتے ہوئے اوپر کے بیان کے لئے مطابقت کا اندراج پاس کیجئے۔ 6

16. A، B اور C ایک فرم میں شریک ہیں۔ وہ نفعات میں بالترتیب 5، 3 اور 2 کی نسبت میں حصے رکھتے ہیں۔ 31 مارچ 2013 کو اُن کا توازن نامہ حسب ذیل تھا:

31 مارچ 2013 کو توازن نامہ

| دین داریاں | رقوم (روپیہ) | اثاثے | رقوم (روپیہ) |
|---|---|---|---|
| لین دار | 12,000 | نقد | 13,000 |
| رزرو | 10,000 | دین دار | 8,000 |
| اصل : | | اسٹاک | 10,000 |
| A | 30,000 | مشینری | 30,000 |
| B | 20,000 | عمارت | 20,000 |
| C | 15,000 | پیٹینٹ | 6,000 |
| | 87,000 | | 87,000 |

1 اکتوبر 2013 کو بیمار ہونے کی وجہ سے B کی موت ہو گئی۔ فرم اور B کے وصیوں کے بیچ یہ فیصلہ ہوا کہ B کو دی جانے والی رقم سے گاؤں میں ایک کمیونٹی ہال بنایا جائیگا۔ اُن کے فیصلہ کی بنا پر

(i) ساکھ کی قدرداری پچھلے پانچ سالوں کے اوسط منافع کے دُگنے کے برابر ہوگی۔ یہ 2009 میں 10,000 روپیہ، 2010 میں 13,000 روپیہ، 2011 میں 12,000 روپیہ، 2012 میں 15,000 روپیہ اور 2013 میں 20,000 روپیہ تھی۔

(ii) پیٹنٹوں کی قدرداری 8,000 روپیہ، مشینری کی قدرداری 28,000 روپیہ اور مکان کی قدرداری 30,000 روپیہ ہوئی۔

(iii) وفات کے دن تک کے B کے نفع کو سال 2013 کے نفع کی بنا پر کیا گیا۔

(iv) اصل پر سود بشرح 10% سالانہ کی درسے لگایا جائیگا۔

(v) B کے وصیوں کو دی جانے والی رقم کو خیرات کھاتہ میں ڈالا جائیگا۔

تیار کیجئے (a) اُس کے وصیوں کو دیا جانے والا B کا اصل کھاتہ، (b) سوال میں اُبھاری گئی کسی ایک قدر کی پہچان کیجئے۔ 6

---

17۔ ایلفا اور بیٹا ایک فرم میں شریک تھے۔ یہ فرم مصنوعی اعضاء کا بیوپار کرتی تھی۔ 1 اپریل 2013 کو اُنہوں نے گاماں کو ساجھے داری میں شریک کیا۔ گاماں بیٹا کا بہت اچھا دوست تھا۔ ایک حادثہ میں گاماں نے اپنا ایک ہاتھ کھودیا اور ایلفا اور بیٹا نے بھی یہ فیصلہ کیا کہ وہ ایک مصنوعی ہاتھ مُفت میں گاماں کو دے دیں گے۔

31 مارچ 2013 کو ایلفا اور بیٹا کا توازن نامہ حسب ذیل تھا :

| دین داریاں | | روپیہ | اثاثے | روپیہ |
|---|---|---|---|---|
| تسکیہ قرضوں کے لئے رکھاؤ | | 40,000 | نقد | 1,00,000 |
| کام گروں کا تلافی فنڈ | | 56,000 | متفرق دین دار | 8,00,000 |
| بقایا اخراجات | | 30,000 | اسٹاک | 2,00,000 |
| لین دار | | 3,00,000 | مشینری | 3,86,000 |
| اصل : | | | نفع نقصان کھاتہ | 40,000 |
| ایلفا | 5,00,000 | | | |
| بیٹا | 6,00,000 | 11,00,000 | | |
| | | 15,26,000 | | 15,26,000 |

گاماں کی شمولیت مندرجہ ذیل شرائط پر کی گئی۔

(i) گاماں اصل میں اپنے حصہ کے طور پر 4,00,000 روپیہ ڈالے گا لیکن ساکھ میں اپنے حصہ کے لیئے وہ کوئی رقم نہیں پائے گا۔

(ii) ایلفا، بیٹا اور گاماں کی نفع میں حصہ داری کی نئی نسبت 3، 2 اور 1 کی نسبت میں ہوگی۔

(iii) کام گروں کی تلافی کی رقم 30,000 روپیہ تھی۔

(iv) خراب قرضوں کی منسوخی کی لاگت 40,000 روپیہ تھی۔

(v) لین داروں کو 20,000 روپیہ زیادہ دیئے گئے۔

(vi) باقی کے اخراجات کو 12,000 روپیہ تک لایا گیا۔

(vii) غیر امید دین داریوں کے لیئے 20,000 روپیہ رکھا گیا۔

(viii) فرم کی ساکھ کی قدر 1,80,000 روپیہ مانی گئی۔

بازقدری کھاتہ، شریکوں کے اصل کھاتے اور نئی فرم کا ابتدائی توازن نامہ تیار کیجئے۔ ساتھ ہی کسی ایک قدر کی پہچان کیجئے۔ جو شریک سوسائٹی کو بتانا چاہتے تھے۔ 8

-یا-

رام اور شیام ایک فرم کے شریک تھے۔ اُن کے نفعات میں حصے بالترتیب 2 اور 3 کی نسبت میں تھے۔ وہ بوڑھے ہو گئے اور اُن کے کام کار کی سنبھال کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ اِس لئے اُنہوں نے فیصلہ کیا کہ کام کو تو بند کر دیا جائے اور حاصل رقم کو کسی ایسی غیر سرکاری تنظیم (NON-GOVT. ORGANISATION) کو عطا کر دیا جائے جو کسی شہری علاقہ میں آلودگی پر قابو رکھنے کے لیئے درخت اُگانے میں مدد کرتی ہو۔

31 جنوری 2014 کو اُن کا توازن نامہ ذیل مطابق تھا :

| دین داریاں | روپیہ | اثاثے | روپیہ |
|---|---|---|---|
| لین دار | 65,000 | زمین | 1,20,000 |
| ادا ہونے والے بل | 35,000 | مشینری | 65,000 |
| اصل : | | ساکھ | 10,000 |
| رام | 75,000 | اسٹاک | 25,000 |
| شیام | 75,000 | دین دار | 20,000 |
| | | نقد | 10,000 |
| | 2,50,000 | | 2,50,000 |

رام نے لین داروں کو ادائیگی 15% کی کاٹ پر کر دی، شیام نے ادا ہونے والے بلوں کی ادائیگی مکمل کر دی۔

اثاثوں سے وصولی :

زمین سے 20% کم ۔ مشینری 35,000 روپیہ پر ۔ اسٹاک 25% کم پر۔ دین دار 12,500 روپیہ پر

وصولی پر 1750 روپیہ کے اخراجات شیام نے دے دیئے ۔

تیار کیجئے : وصولی کھاتہ ، شریکوں کے اصل کھاتے اور بینک اکاؤنٹ۔

شریکوں کے سماج کو دکھائے گئے کسی ایک قدر کی پہچان بھی کیجئے

18. (A) C لمیٹڈ نے 8 روپیہ فی شیئر کی کاٹ پر جاری کردہ 100 روپیہ فی کے 1,000 شیئر ضبط کر لیے ۔ ان شیئروں پر 30 روپیہ فی شیئر کی پہلی مانگ حاصل نہیں ہوئی تھی اور 20 روپیہ فی شیئر کی آخری مانگ نہیں کی گئی تھی ۔ بعد میں ان شیئروں کو 80 روپیہ فی شیئر مانتے ہوئے 70 روپیہ فی شیئر پر جاری کر دیا گیا ۔

بالائی سودوں کے لیے C لمیٹڈ کی کتابوں میں لازم جرنل کے اندراج پاس کیجئے ۔

(B) L لمیٹڈ نے 20 روپیہ فی کے وہ 470 ایکوئٹی شیئر ضبط کر لئے جو 3 روپیہ فی شیئر کے زائد پر جاری کئے گئے تھے اور جن پر الاٹ مینٹ کے 8 روپیہ فی شیئر (3 روپیہ فی شیئر کا زائد شامل) اور پہلی مانگ کے 5 روپیہ فی شیئر ادا نہیں ہوئے تھے۔ اور آخری مانگ کے 5 روپیہ فی شیئر کی رقم ابھی نہیں مانگی گئی۔ ان شیئروں میں سے 235 شیئر پوری ادائیگی مانتے ہوئے 19 روپیہ فی شیئر پر دوبارہ جاری کر دیئے گئے۔ L لمیٹڈ کی کتابوں میں مذکورہ بالا سودوں کے لئے لازم اندراج کو پاس کیجئے۔ 8=4+4

— یا —

R لمیٹڈ نے 4 روپیہ فی شیئر کی کمیشن پر 100 روپیہ فی شیئر کے 10,000 ایکوئٹی شیئروں کے لئے عرضیاں طلب کیں۔ ادائیگی کا طریقہ حسب ذیل تھا:
عرضی کے ساتھ 20 روپیہ فی شیئر، الاٹمینٹ پر 30 روپیہ فی شیئر، پہلی و آخری مانگ پر 46 روپیہ فی شیئر۔
9,000 شیئروں کے لئے عرضیاں حاصل ہوئیں۔ سبھی عرضیوں پر الاٹ مینٹ کر دی گئی۔ ملنے والی سبھی رقوم حاصل ہو گئیں سوائے اسکے کہ 400 شیئروں پر پہلی و آخری مانگ کی رقوم ادا نہ ہوئیں۔ ان شیئروں کو ضبط کر لیا گیا۔ ضبط شدہ شیئروں میں سے 300 شیئروں کو مکمل ادائے گی مان کر 27,000 روپیہ میں دوبارہ جاری کر دیا گیا۔
کمپنی کی کتابوں میں اندراج پاس کیجئے۔ 8

## حصّہ ۔ B

## (مالیاتی بیانات کا تجزیہ)

19۔ مالی بیانات کا تجزیہ کے کسی ایک مقصد کو بیان کیجیے۔ 1

20۔ نقدی کے بہاؤ سے کیا سمجھا جاتا ہے ؟ 1

21۔ وجوہات کے ساتھ لکھیے کہ 50,000 روپیہ کی مشینری خریدنے کے لیے فروخت کار کو 9٪ کے ڈی بینچروں کو جاری کرنے سے نقدی کے بہاؤ کا بیان تیار کرنے میں بہاؤ اندر کو ہوگا، باہر کو ہوگا، یا کوئی بہاؤ نہیں ہوگا۔ 1

22۔ کمپنیوں کے 1956 کے ایکٹ کے حصّہ I کے ترمیم شدہ شیڈیول VI کے تحت کن بڑے عنوانوں کے زیر مندرجہ ذیل باتوں کو رکھا جائیگا۔ ؟ 3

(i) لمبے عرصہ کے لئے لیا گیا قرض

(ii) تجارتی ادائگیاں

(iii) ٹیکس کے لئے رکھاؤ

(iv) ضمانتی رکھاؤ کاری

(v) پیٹینٹ

(vi) حاصل آمدنیاں

23۔ مندرجہ ذیل سے کل نفع نسبت اور کام کاری اصل کے اُلٹ پھیر کی نسبت محسوب کیجئے : 4

کام سے حصولیت 30,00,000 روپیہ
کام سے حصولیت کی لاگت 20,00,000 روپیہ
چالو اثاثے 6,00,000 روپیہ
چالو دین داریاں 2,00,000 روپیہ
اداشدہ شیئر اصل 5,00,000 روپیہ

24۔ 31 مارچ 2012 اور 2013 کو ختم ہوتے والے سال کے نفع نقصان بیان سے ذیلی جانکاری حاصل کی گئی ہے۔ نفع نقصان کا مقابلی بیان تیار کیجئے۔ 4

| تفصیلات | نوٹ نمبر | 31-3-2013 کو روپیہ | 31-3-2012 کو روپیہ |
|---|---|---|---|
| عملوں سے حصولی | | 40,00,000 | 32,00,000 |
| ملازمین کے فائدے کے لئے اخراجات | | 20,00,000 | 16,00,000 |
| دیگر اخراجات | | 2,00,000 | 4,00,000 |
| ٹیکس کی در | | 40% | 40% |

25۔ ذیلی توازن نامہ سے نقد روانی بیان تیار کیجئے :

| 31-3-2012 ₹ | 31-3-2013 ₹ | نوٹ نمبر | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| | | | I ایکوئٹی اور دین داریاں |
| | | | (1) حصہ داروں کا فنڈ |
| 5,60,000 | 6,30,000 | | (a) شیئر اصل |
| 1,82,000 | 3,08,000 | 1 | (b) رزرو اور زائد |
| | | | (2) چالو دین داریاں |
| 1,82,000 | 2,80,000 | | تجارتی اداکاریاں |
| 9,24,000 | 12,18,000 | | کُل |
| | | | II اثاثے |
| | | | (1) غیر چالو اثاثے |
| | | | قائم اثاثے |
| 2,80,000 | 3,92,000 | | پلانٹ |
| | | | (2) چالو اثاثے |
| 1,40,000 | 98,000 | | (a) فہرست |
| 4,20,000 | 6,30,000 | | (b) تجارتی حصولیات |
| 84,000 | 98,000 | | (c) نقد اور نقد برابر |
| 9,24,000 | 12,18,000 | | کُل |

کھاتوں کے نوٹ

نوٹ نمبر 1

| تفصیلات | 31-3-2013<br>روپیہ | 31-3-2012<br>روپیہ |
|---|---|---|
| **محفوظات اور زائد** | | |
| زائد - نفع نقصان | | |
| تفصیل کی باقی | 3,08,000 | 1,82,000 |

**مزید جانکاری :**

(i) ایک پرانی مشین کو جس کی کتابی قیمت 42,000 روپیہ تھی کو 56,000 روپیہ میں بیچ دیا گیا۔ اور دورانِ سال مشین پر دی گئی گھساوٹ 28,000 روپیہ تھی۔ 6

## حصہ - C

## (کمپیوٹری کھاتہ داری)

19۔ کمپیوٹری کھاتہ داری سسٹم کا کوئی ایک فائدہ لکھیے۔ 1

20۔ کوئی دو ایسے طریقے بیان کیجئے جن سے سوال اُٹھایا جاسکتا ہے۔ 1

21۔ معمول کاری کیا ہوتی ہے ؟ 1

22۔ کمپیوٹری کھاتہ داری سسٹم کے اِسکیلیبلٹی ( scalability )
اور قابلِ اعتباری موضوعوں کو سمجھائیے۔ 3

23۔ ڈیٹا (اعداد و شمار) کو کسی فارمولہ سے مِلانے کے اقدام بیان کیجیے۔ 4

24۔ اعداد و شمار اختصاری مقاصد کی شکل میں جدولوں، فارموں، رپورٹوں
اور کلاں جیسی مقصدوں کی وضاحت کیجیے۔ 4

25۔ (a) کسی سرمایہ کاری کی حاضر قدر محسوب کرنے میں پھیلی شیٹ کے کام کا نام بتایئے
اور وضاحت کیجیے۔

(b) مندرجہ ذیل جان کاری سے ایکسل پر گھر کے کرایہ بھتہ کو محسوب کرنے کے
فارمولہ کو معلوم کیجیے۔
بنیادی تنخواہ ۲۰,۰۰۰ روپیہ تک ٪15 کی در سے
اور اُس سے اُوپر کی تنخواہ پر ٪20 کی در سے 6=2+4